ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2020-21/28   26 اگست 2020

ڈی او آر (پی سی بی)۔ بی پی ڈی ۔ سرکلر نمبر 2/12.05.001/2020-21

دی چیف ایکزیکیٹو آفیسر

سبھی پرائمری (اربن) کوآپریٹو بینکیں

محترم/محترمہ!

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کی سیکشن 31 کے تحت رٹرنس جمع کرنا۔ وقت میں توسیع

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (دی ایکٹ) کی سیکشن 31 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (بینکنگ ریگولیشن (ترمیم) آرڈیننس 2020) اکاؤنٹس اور بیلنس شیٹ جس کا حوالہ ایکٹ کے سیکشن 29 میں دیا گیا ہے اور ساتھ میں آڈیٹرس کی رپورٹ مجوزہ فارمیٹ میں شائع کی جائے گی اور اس کی تین کاپیاں ریزرو بینک کو دی جائیں گی مدت کے ختم ہونے کے تین ماہ کے اندر اندر جس مدت سے وہ منسوب ہیں۔ مندرجہ بالا سیکشن کے پہلے پراویزن کے مطابق، ریزرو بینک کسی بھی معاملہ میں تین مہینہ کی مدت میں توسیع کر سکتا ہے ایسے رٹرنس جمع کرنے کے لئے یہ مدت مزید تین ماہ کی ہو سکتی ہے۔

2. چونکہ مندرجہ بالا آرڈیننس میں ترمیم ہوئی ہے سیکشن 31 کے بارے میں 29 جون 2020 کو اعلامیہ جاری کیا گیا تھا پرائمری (اربن) کوآپریٹو بینکیں اور اربن (شہری) کوآپریٹو بینکیں کووڈ 19 مہلک بیماری کی وجہ سے بہت پریشانیوں کا سامنا کر رہی ہیں۔ لہٰذا یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ رٹرنس جمع کرنے کی تاریخ میں (31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے لئے) اور وقت دے دیا جائے۔

3. اوپر کے ماحول کو دھیان میں رکھتے ہوئے ریزرو بینک نے بتائی ہوئی مدت میں ایکٹ 31 کے تحت رٹرنس جمع کرنے (31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے لئے) کی مدت میں مزید تین ماہ کی توسیع کر دی ہے۔ اس کے مطابق سبھی اربن کوآپریٹو بینکیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ مندرجہ بالا رٹرنس ریزرو بینک کو 30 ستمبر 2020 تک جمع کر دیں۔

آپ کا مخلص

(نیرج نگم)

چیف جنرل منیجر